فوری ریلیز کے لیے: 2023/7/2 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے افیون کے نشے کی لت کے علاج کے لیے جدید پروگراموں کی مد میں $8.6 ملین سے زیادہ کا اعلان کیا ہے

اس فنڈنگ کی مدد سے 18 تک بیرونی مریضوں کےعلاج معالجے والے جامع باہم مربوط پروگراموں کی معاونت کی جائے گی جن کو افیون کے نشے کی علت سے نمٹنے کے لیے ادویات تک رسائی میں اضافہ کرنے کے لیے بنایا گیا ہے

ریاست نیویارک کی جانب سے افیون کی لت سے چھٹکارے کے فنڈ کے ذریعے گرانٹس تفویض کی گئیں

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیویارک میں افیون کے نشے کی علت کا سدباب کرنے کے لیے بیرونی مریضوں کے علاج معالجے والے جامع باہم مربوط پروگرام تیار کرنے کے لیے $8.6 ملین سے زیادہ دستیاب بنانے کا اعلان کیا ہے۔ نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے ریاستی دفتر کے زیر انتظام، اس فنڈنگ سے ان جدید پروگراموں کو قائم کرنے کی کوششوں میں 18 فراہم کنندگان کو معاونت فراہم کی جائے گی اور یہ ریاست نیویارک کے افیون کی لت سے چھٹکارے کے فنڈ کے ذریعے تازہ ترین ایوارڈ ہے۔

"نیویارک کے بہت سے شہریوں کی طرح، میں جانتی ہوں کہ خاندان کے کسی فرد کو افیون کے نشے کی بیماری کے ہاتھوں کھونا کیسا محسوس ہوتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "بیرونی مریضوں کے علاج کے یہ اختراعی پروگرام، افیون کی لت سے چھٹکارے کے فنڈ کی رقم کو بروئے کار لاتے ہیں تاکہ ہماری خدمات کو بہت زیادہ وسعت دی جا سکے اور ان میں اضافہ کیا جا سکے اور اس وبا کی وجہ سے نیویارک کے لاتعداد لوگوں کو پہنچنے والے نقصان کا ازالہ کیا جا سکے۔"

بیرونی مریضوں کے علاج معالجے کے جامع مربوط پروگرام افراد پر مرکوز جامع خدمات تک رسائی کے مزید مواقع فراہم کرتے ہیں – جس میں افیون کے نشے کی علت کے لیے ادویات کا علاج شامل ہے – اور یہ ریاست نیویارک میں مربوط علاج کی جاری ضرورت کو پورا کرنے کی جانب ایک نیا اقدام ہے۔ یہ پروگرامز اس طرح تیار کیے گئے ہیں کہ نیویارک کے شہریوں کے لیے ایک ہی جگہ پر متعدد خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے منشیات استعمال کرنے کی علت کا علاج کرنا آسان ہو جائے۔

دفتر برائے نشہ آوری کی خدمات اور معاونتوں کی کمشنر Chinazo Cunningham نے کہا، "افیون استعمال کرنے کی علت کے لیے ادویات کا علاج محفوظ اور مؤثر ہوتا ہے اور یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ اس علاج سے نشے میں مبتلا لوگوں کی مجموعی صحت اور بہبود میں مدد حاصل ہوتی ہے۔ ان جامع مربوط پروگراموں کی تیاری ایک اہم ترجیح ہے اور اس سے زیادہ لوگوں کو اہم مدد تک رسائی میں مدد ملے گی تاکہ وہ اپنی مختصر اور طویل مدتی بحالی سے فائدہ اٹھا سکیں۔"

قائم مقام ریاستی محکمۂ صحت کے کمشنرDr. James McDonald نے کہا، "افیون کے نشے کی وبا اب تک بہت سی زندگیاں چھین چکی ہے۔ نیویارک کے تمام شہری ہمدردانہ نگہداشت اور علاج تک رسائی کا حق رکھتے ہیں اور یہ پروگرام زندگیاں بچانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے

اپنی مسلسل وابستگی کو یقینی بنایا ہے تاکہ جو لوگ افیون کی علت سے دوچار ہو چکے ہیں ان کے پاس ایسے وسائل موجود ہوں جو اپنی بحالی کا سفر شروع کرنے کے لیے انہیں درکار ہیں۔"

فراہم کنندگان فنڈنگ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں تاکہ موجودہ مربوط پروگرامز کی معاونت کی جائے، افیون کے موجودہ علاج اور بیرونی مریضوں کے پروگرامز کو باہم یکجا کیا جائے، یا نئے مربوط پروگرام تیار کیے جائیں۔ یہ فنڈنگ درخواست طلبی کے ذریعے نوازی جائے گی۔

ریاست نیویارک افیون تیار کرنے والوں کے ساتھ مختلف تصفیوں کے معاہدوں کے ذریعے $2 بلین سے زیادہ حاصل کرے گی۔ ان تصفیوں سے حاصل ہونے والی فنڈنگ کا ایک حصہ براہِ راست بلدیات کو جائے گا، باقی رقم کو روک تھام، علاج، بحالی، نقصان میں کمی لانے، اور افیون کی جاری وبا سے نمٹنے کے لیے وقف ایک فنڈ میں جمع کیا جائے گا۔

جس قانون سازی نے وقف شدہ فنڈ قائم کیا تھا، اسی نے اوپیئڈ سیٹلمنٹ فنڈ کا مشاورتی بورڈ بھی تشکیل دیا ہے، جس کو یہ تجاویز دینے کا کام سونپا گیا ہے کہ کس طرح تصفیے سے حاصل ہونے والے ڈالروں کو ضرورت مندوں کی بہترین خدمت کے لیے مختص کیا جائے۔ بورڈ کے اراکین نے 1 نومبر کو اپنی پہلی سفارشات جاری کی تھیں، جس میں نقصان کو کم کرنے اور علاج معالجے کی خدمات کی توسیع کو اوّلین ترجیح کے طور پر شناخت کیا گیا تھا۔

ریاستی محکمۂ صحت کی طرف سے جاری کردہ ایک رپورٹ کے مطابق، نیویارک میں سنہ 2021 میں افیون کی وجہ سے ہونے والی اموات کا سلسلہ جاری رہا، جس میں زیادہ مقدار میں فینٹینیل لینا اب ریاست بھر میں ہونے والی بیشتر اموات کے پیچھے کارفرما سبب ہے۔ دیگر اہم نتائج میں شامل ہیں:

- زیادہ مقدار لینے سے 4,766 اموات جن میں اوپیئڈز شامل ہیں، جو پچھلے سال کے مقابلے میں 14 فیصد اضافہ ہے۔
- اوپیئڈ کی زیادہ مقدار کی وجہ سے 10,430 بیرونی مریضان کے شعبۂ ہنگامی حالات کے دورے، پچھلے سال کے مقابلے میں 12.6 فیصد اضافہ۔
- ایمرجنسی میڈیکل سروسز کے زیر انتظام نیلوکسون لگانے کے 19,139 واقعات، پچھلے سال کے مقابلے میں 11.8 فیصد اضافہ۔

ریاستی سینیٹر Nathalia Fernandez نے کہا، "یہ ضروری ہے کہ ہم افیون کے نشے کی علت کے شکار لوگوں کے لیے خدمات اور وسائل میں اضافہ کریں، اور مجھے یقین ہے کہ گورنر بیرونی مریضوں کے ان جامع علاج کے پروگراموں کے لیے حالیہ فنڈنگ کے ساتھ اس مسئلے کے حل کے لیے پُرعزم ہیں۔ اوپیئڈ سیٹلمنٹ فنڈ کا صحیح استعمال یہ ہے کہ افراد پر مرکوز اس طرح کے پروگرام فراہم کیے جائیں، جن میں زندگی بچانے والی ادویات استعمال کی جاتی ہیں۔"

ریاست نیویارک نے زیادہ مقدار کی وبا سے نمٹنے کے لیے ایک جارحانہ، کثیر جہتی نقطہ نظر کا آغاز کیا ہے، اور مکمل روک تھام، علاج، نقصان میں کمی، اور بحالی کی خدمات کے ساتھ نشے کی دیکھ بھال کا ایک ملک میں معروف سلسلہ قائم کیا ہے۔ ریاست نے روایتی خدمات تک رسائی کو بڑھانے کے لیے کام کیا ہے، جس میں بحران کے حالات کی خدمات، داخل مریضوں، بیرونی مریضوں، اور رہائشی علاج کے پروگراموں کے ساتھ نشے کے علاج کے لیے ادویات، موبائل علاج، اور نقل و حمل کی خدمات شامل ہیں۔

گورنر Hochul ریاست نیویارک کی ہیروئن اور مسکن ادویات کی ٹاسک فورس کی رکن تھیں، جس نے سنہ 2016 میں، نئی، غیر روایتی خدمات کی سفارش کی تھی، بشمول بحالی مراکز، یوتھ کلب ہاؤسز، ہم جماعتوں کی توسیع شدہ خدمات، اور کھلے رسائی کے مراکز، جو فوری تشخیص اور نگہداشت کے ریفرل فراہم کرتے ہیں۔ اس کے بعد سے یہ خدمات ریاست بھر کے متعدد علاقوں میں قائم کی گئی ہیں اور ضرورت مند لوگوں کی اپنے رہائشی مقام کے قریب نگہداشت تک رسائی میں مدد کی گئی ہے۔

نیویارک کے وہ مکین جنہیں نشے کی لت لگی ہوئی ہے، یا جن کے پیارے اس مصیبت میں گرفتار ہیں، ریاست کی ٹول فری، 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن کی HOPEline پر 1-877-8-HOPENY یعنی (1-877-846-7369) پر کال کر کے یا HOPENY (مختصر کوڈ 467369) پر ٹیکسٹ بھیج کر مدد اور امید حاصل کر سکتے ہیں۔

نشے کے دستیاب علاج بشمول بحران/ڈیٹاکس، شعبہ اندرونی مریضان، رہائشی یا شعبہ بیرونی مریضان کی دیکھ بھال، NYS OASAS ٹریٹمنٹ اویل ایبلٹی ڈیش بورڈ استعمال کرتے ہوئے FindAddictionTreatment.ny پر یا NYS OASAS ویب سائٹ پر مل سکتی ہے۔

اگر آپ کو یا آپ کے کسی عزیز رشتہ دار کو علاج سے متعلق بیمے میں رکاوٹوں کا سامنا ہو یا کسی مسترد کردہ کلیم کے خلاف اپیل دائر کرنے میں مدد کی ضرورت ہو تو بذریعہ فون CHAMP ہیلپ لائن سے 888-614-5400 پر رابطہ کریں یا ombuds@oasas.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418